FESCO

FAISALABAD ELECTRIC SUPPLY COMPANY LTD.

الحمد لله

FESCO CLOSES FY 2025-26 WITH RECORD-BREAKING PERFORMANCE

الحمد لله

ACHIEVED NEPRA TARGETS
WITH THE SPECIAL GUIDANCE OF
THE CHAIRMAN, BOD AND
HONORABLE BOARD DIRECTORS FESCO.

With the Grace of Al-Mighty Allah, FESCO has concluded FY 2025-26 as the TOP-PERFORMING DISCO in Pakistan, redefining operational excellence and financial discipline across the power distribution sector.

KEY RESULTS

LINE LOSSES
7.87%
against NEPRA Target
8.03%

PROGRESSIVE RECOVERY
100.39%
against 100%

AT&C LOSSES (PROGRESSIVE)
7.51%
1.04% decrease against 8.55%

FINANCIAL IMPACT
Rs. 3.20 BILLION
ADDITIONAL REVENUE



Congratulations!

to all officers and officials for this remarkable achievement, which has positioned FESCO as a leading benchmark for excellence and performance among Pakistan's power distribution companies.

TEAMWORK | INTEGRITY | EXCELLENCE | SUSTAINABILITY

فیسکو نیوز

ایڈیشن: جون 2026ء شمارہ نمبر: 183 جلد نمبر: 14 کل صفحات: 16



منتظم اعلیٰ

انجینئر محمد عامر

چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو



مدیر اعلیٰ

فرخ آفتاب

ڈائریکٹر جنرل ایڈمن فیسکو



مدیر

محمد سعید رضا

ڈائریکٹر (پبلک ریلیشنز) فیسکو

ایڈیٹوریل ٹیم



اویس دانش



محمد شفیق



ایوب احمد

فوٹوگرافی



محمد وسیم

پبلشر
شعبہ تعلقات عامہ فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کینال روڈ فیصل آباد
Toll Free: 080066554, Help Line: 118, +92419220282, www.fesco.com.pk

عرض مدیر

چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو انجینئر محمد عامر کی خصوصی ہدایات پر نیپرا کی جانب سے مالی سال 26-2025 کیلئے دیئے گئے ریکوری اہداف کے حصول کے لیے فیسکو ریجن میں خصوصی ریکوری مہم جاری ہے۔اس خصوصی مہم کا بنیادی مقصد مستقل نادہندگان اور ڈیڈ ڈیفالٹرز سے واجبات کی وصولی کو یقینی بنانا، بجلی چوری کے خاتمے کے لیے جاری اقدامات کو مزید مؤثر بنانا اور ریکوری کی مجموعی شرح کو 110 فیصد سے زائد تک پہنچانا ہے۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی ہدایت پر خصوصی ریکوری مہم کے دوران مستقل طور پر منقطع کنکشن، ڈیڈ ڈیفالٹرز اور ایک لاکھ روپے سے زائد بقایا جات رکھنے والے کنکشنز کی فزیکل سائٹ ویریفکیشن بھی کی جارہی ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جاسکے کہ ایسے مقامات پر کسی بھی دیگر ذرائع سے بجلی کی فراہمی نہ ہو۔کسی مقام پر غیر قانونی یا غیر مجاز طریقے سے بجلی کے استعمال پر متعلقہ قوانین کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر نے تمام سرکاری اداروں کے سربراہان، کاروباری اداروں، صنعتی صارفین اور گھریلو صارفین سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے بقایا جات فوری طور پر ادا کریں تاکہ انھیں بجلی کی مسلسل فراہمی کو یقینی بنایا جاسکتے اور انھیں کسی قانونی کارروائی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔مزید برآں زیرالتواء اور متنازعہ ریکوری کیسز کا جائزہ لے کر انہیں جلد از جلد نمٹانے کی کوشش کی جائے گی، جبکہ عدالتی مقدمات میں قانونی تقاضوں کے مطابق آؤٹ آف کورٹ سیٹلمنٹ کے امکانات بھی زیرغور لائے جائیں گے۔تمام فیلڈ افسران کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ بجلی چوری کے خلاف جاری خصوصی مہم کو مزید تیز کریں، خراب میٹرز کی تبدیلی، سیکیورٹی ڈپازٹ کی ایڈجسٹمنٹ، مستقل منقطع کنکشنز کے میٹریل کی واپسی اور دیگر تجارتی امور کی بروقت تکمیل کو یقینی بنائیں تاکہ کمپنی کے مالی وانتظامی امور کو مزید بہتر بنایا جاسکے۔بجلی کے بلوں کی بروقت ادائیگی نہ صرف بجلی کی بلاتعطل فراہمی میں معاون ثابت ہوتی ہے بلکہ قومی وسائل کے تحفظ اور بجلی کے نظام کی بہتری میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہے۔

اس شمارے میں

04 کعبہ کے بغیر دنیا رک جائے گی" بقائے انسانی زندگی کیلئے بہت بڑی نعمت نوید اختر SSA
05 چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو انجینئر محمد عامر کی خصوصی ہدایات پر فیسکو ریجن میں خصوصی ریکوری مہم جاری ہے
06 ڈسٹری بیوشن سسٹم کی اپ گریڈیشن، لوڈ مینجمنٹ اور نیٹ ورک کی بہتری کیلئے مسلسل اقدامات کئے جارہے ہیں
07 چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی ہدایت پر فیسکو ریجن میں محرم الحرام اور عاشورہ پر ریجن بھر میں بجلی کی بلاتعطل سپلائی کو یقینی بنایا گیا
07 چیف انجینئر آپریشن فیسکو محمد منور خان کا ٹرانسفارمر ری کلیمیشن ورکشاپ فیسکو کا تفصیلی دورہ، افسران و عملے کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا
08 ڈائریکٹر جنرل (ایڈمن) فرخ آفتاب کی زیرنگرانی فیسکو ملازمین اور ان کے اہل خانہ کی فلاح و بہبود کے لیے مؤثر اقدامات کئے جارہے ہیں
10 ریجنل ٹریننگ سنٹر فیسکو میں ایکوزیشن اینڈ ڈسپوزل سسٹم (ای اپیڈ) کے جدید ورژن 2.0 کے نفاذ کے سلسلے میں تربیتی سیشن سے مقررین کا خطاب
10 ریجنل ٹریننگ سنٹر فیسکو فیصل آباد میں میٹر ریڈر سے میٹر سپروائزر ترقی کیلئے محکمانہ ٹریننگ کی اختتامی تقریب سے ڈپٹی ڈائریکٹر اور انسٹرکٹرز کا خطاب
10 فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) نے 39 افسران کو گریڈ 18 سے گریڈ 19 میں ترقی دے دی
10 شوکاز نوٹس برائے کارروائی



New Research of the Human World

"کعبہ کے بغیر دنیا رک جائے گی"

بقائے انسانی زندگی کیلئے بہت بڑی نعمت

تحریر: نوید اختر SSA
ایس ایس اینڈ ٹی ڈویژن فیسکو سرگودھا

جکارتہ (یو این آئی) کی نئی تحقیق کے مطابق کعبہ (Holy Great House of The Holy God) کے بغیر دنیا رک جائے گی کیونکہ زمین کی گردش طواف کعبہ اور نماز کی ادائیگی کی وجہ سے ہے۔ ایک انڈونیشین ویب سائیٹ نے کعبۃ اللہ اور اس میں نصب شدہ حجر اسود کے حوالے سے پندرہ یونیورسٹیوں کی ہونیوالی اجتماعی تحقیق کی رپورٹ پر مبنی امریکی پروفیسر لارنس ای یوف (Lawrance E Yoseph) کی ایک رپورٹ شائع کی ہے۔ جس میں بتایا گیا ہے کہ کعبہ کے بغیر دنیا رک سکتی ہے۔ گویا کہ انسانی زندگی کی چلتی ہوئی سانس خانہ خدا کعبۃ اللہ کی بدولت ہے۔ اگر مسلمان طواف کعبہ چھوڑ دیں یا نماز کی دن میں پانچ مرتبہ ادائیگی نہ کریں تو یقیناً ہماری زمین کی گردش رک جائے گی۔ کیونکہ حجر اسوس پر مرکوز سپر موصل کی گردش برقی لہریں نہیں بکھریں گی۔

رپورٹ میں مزید بتایا گیا ہے کہ ان پندرہ یونیورسٹیوں کے نتائج سے یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ حجر اسود ایک الکا (ULCA) ہے جس میں دھات کی مقدار بہت زیادہ ہے جو کہ موجودہ اسٹیل سے 23 ہزار گنا زیادہ ہے۔ کچھ خلاباز جنہوں نے زمین سے نکلتی ہوئی انتہائی روشن روشنی کو دیکھا اور تحقیق کے بعد معلوم ہوا کہ وہ روشنی کعبۃ اللہ سے نکلتی ہے۔ اس تحقیق میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ حجر اسود سپر کنڈکٹر ہے جو ایک مائیکرون کی طرح کام کرتا ہے اور ان لہروں کو ہزاروں میل دور تک پہنچاتا ہے۔

پروفیسر لارنس یوزف (Lawrance E Yoseph) نے اپنی رپورٹ میں یہ خاص نوٹ بھی لکھا ہے کہ مسلمانوں کا ہم پر واقعی بہت بڑا قرض ہے کہ جو طواف کعبہ کر کے اور اپنی نمازیں قائم کر کے زمین کی حرکت کیلئے سپر موصل کو برقرار رکھے ہوئے ہیں۔ واضح رہے کہ خانہ کعبہ دنیا کی وہ واحد عبادت گاہ ہے جہاں سال میں ایک لمحے کیلئے بھی طواف نہیں رکتا ہے جبکہ مسلمان دن میں پانچ وقت کی نمازیں ادا کرتے ہیں اور سورج کر گردش کے باعث دن کے ہر لمحے میں دینا کے کسی نہ کسی خطے میں اذان اور نماز کی ادائیگی کی جارہی ہوتی ہے۔

جس قرآن پاک کی مسلمان روزانہ تلاوت کرتے ہیں دنیائے جہاں کے تمام علوم و سائنسی ایجادات قرآن پاک کی شاخوں سے نمودار ہوئے ہیں۔ تمام غیر ممالک کے سائنسدانوں نے قرآن پاک پر تحقیق کر کے تخلیق اور کامیابیاں حاصل کی ہیں۔

اذان کے کلمات ایسے کلمات ہیں جو نماز کیلئے مجتمع ہونے کیلئے مقرر ہیں۔ جن کا ذکر پارہ نمبر 15 سورۃ بنی اسرائیل آیت نمبر 78 سے آغاز پذیر ہوتا ہے۔ اذان پوری دنیا میں اللہ اکبر کا پیغام پہنچاتی ہے۔ مشرق سے انتہائے سحر سے لے کر مغرب میں غروب آفتاب تک یہ حرکت ایک طویل سفر طے کرتی ہے۔ حرکت کے موضوع پر قرآنی آیات:۔

پارہ نمبر 1 سورۃ آل عمران آیت نمبر 27 — پارہ نمبر 14 سورۃ آل عمران آیت نمبر 19

پارہ نمبر 17 سورۃ آل عمران آیت نمبر 33 — پارہ نمبر 27 سورۃ آل عمران آیت نمبر 5

فیسکو ریجن کے آٹھوں اضلاع میں ڈیفالٹرز سے سو فیصد ریکوری کو یقینی بنایا جائے

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

ریکوری اہداف کا مقصد واجبات کی وصولی کو یقینی بنانا، بجلی چوری کا خاتمہ، اور ریکوری کی مجموعی شرح کو 110 فیصد سے زائد تک پہنچانا ہے

فیسکو کے سینئر افسران متعلقہ ایکسین اور ایس ڈی او آپریشنز کے ساتھ مکمل رابطے میں رہتے ہوئے ریکوری مہم کی نگرانی کر رہے ہیں

صارفین کی طرف سے بروقت ادائیگی نہ صرف بجلی کی بلاتعطل فراہمی میں معاون بلکہ ترسیلی نظام کی بہتری میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہے

چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو انجینئر محمد عامر کا فیسکو ریجن میں نادہندگان کے خلاف خصوصی ریکوری مہم کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس میں افسران سے خطاب



چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر فیسکو ریجن میں ریکوری مہم کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس میں افسران سے خطاب کر رہے ہیں

چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو انجینئر محمد عامر کی خصوصی ہدایات پر نیپرا کی جانب سے مالی سال 26-2025 کیلئے دیئے گئے ریکوری اہداف کے حصول کے لیے فیسکو ریجن میں خصوصی ریکوری مہم جاری ہے۔ اس خصوصی مہم کا بنیادی مقصد مستقل نادہندگان اور ڈیڈ ڈیفالٹرز سے واجبات کی وصولی کو یقینی بنانا، بجلی چوری کے خاتمے کے لیے جاری اقدامات کو مزید مؤثر بنانا اور ریکوری کی مجموعی شرح کو 110 فیصد سے زائد تک پہنچانا ہے۔ فیسکو کے سینئر افسران متعلقہ ایکسین اور ایس ڈی او آپریشنز کے ساتھ مکمل رابطے میں رہتے ہوئے ریکوری مہم کی نگرانی کر رہے ہیں۔ چیف انجینئر (سی ایس) محمد سعید فرسٹ سرکل، چیف انجینئر آپریشن منور خان سیکنڈ سرکل، چیف انجینئر (ٹی ایس) فیصل رضا مارتھ جھنگ سرکل، چیف انجینئر (ٹی اینڈ جی) اویس ایم احتشام اللہ سرگودھا سرکل، ڈی جی (ایچ ایس ای) اصغر حسین قزلباش میانوالی سرکل جبکہ چیف انجینئر ڈویلپمنٹ وقاص بیگ ٹوبہ ٹیک سنگھ سرکل میں فیلڈ دفاتر کی بلنگ، وصولیوں اور بقایا جات کی صورتحال کی نگرانی اور مقررہ اہداف کے حصول کو یقینی بنا رہے ہیں۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر نے کہا ہے کہ مستقل طور پر منقطع کنکشن، ڈیڈ ڈیفالٹرز اور ایک لاکھ روپے سے زائد بقایا جات رکھنے والے کنکشنز کی سائٹ ویریفکیشن کی جائے کہ ایسے مقامات پر کسی بھی دیگر ذرائع سے بجلی کی فراہمی نہ ہو۔ اگر کسی مقام پر غیر قانونی یا غیر مجاز طریقے سے بجلی کا استعمال پایا گیا تو متعلقہ قوانین کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انھوں نے تمام سرکاری اداروں کے سربراہان، کاروباری اداروں، صنعتی صارفین اور گھریلو صارفین سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے بقایا جات فوری طور پر ادا کریں تاکہ انھیں بجلی کی مسلسل فراہمی کو یقینی بنایا جا سکتے اور انھیں کسی قانونی کارروائی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ زیر التواء اور متنازعہ ریکوری کیسز کا جائزہ لے کر انہیں جلد از جلد نمٹایا جائے، جبکہ عدالتی مقدمات میں قانونی تقاضوں کے مطابق آؤٹ آف کورٹ سیٹلمنٹ کے امکانات بھی زیر غور لائے جائیں گے۔ فیسکو انتظامیہ نے تمام فیلڈ افسران کو ہدایت کی ہے کہ وہ بجلی چوری کے خلاف جاری خصوصی مہم کو مزید تیز کریں، خراب میٹرز کی تبدیلی، سیکیورٹی ڈپازٹ کی ایڈجسٹمنٹ، مستقل منقطع کنکشنز کے میٹریل کی واپسی اور دیگر تجارتی امور کی بروقت تکمیل کو یقینی بنائیں تاکہ کمپنی کے مالی و انتظامی امور کو مزید بہتر بنایا جا سکے۔ صارفین بروقت ادائیگی نہ صرف بجلی کی بلاتعطل فراہمی میں معاون ثابت ہوتی ہے بلکہ قومی وسائل کے تحفظ اور بجلی کے نظام کی بہتری میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہے۔

ڈسٹری بیوشن سسٹم کی اپ گریڈیشن، لوڈ مینجمنٹ اور نیٹ ورک کی بہتری کیلئے مسلسل اقدامات کئے جارہے ہیں



اس اقدام کا بنیادی مقصد اوورلوڈنگ، کم وولٹیج اور لوڈ ڈسٹری بیوشن کے مسائل پر قابو پانا اور صارفین کو بجلی کی مسلسل فراہمی کو یقینی بنانا ہے

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

بلاتعطل بجلی کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے چین آگمنٹیشن پروگرام اور ایڈیشن پروپوزلز کے تحت نئے ٹرانسفارمرز کی تنصیب کا عمل تیزی سے جاری ہے

صارفین کے وولٹیج کے مسائل کا ازالہ، ترسیلی نظام میں استحکام اور صارفین کو مسلسل، معیاری اور بلاتعطل بجلی کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے گی

چیف ایگزیکٹو فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) انجینئر محمد عامر کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں صارفین کو معیاری، مستحکم اور بلاتعطل بجلی کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے فیسکو ریجن میں چین آگمنٹیشن پروگرام اور ایڈیشن پروپوزلز کے تحت نئے ٹرانسفارمرز کی تنصیب کا عمل تیزی سے جاری ہے۔ اس اقدام کا بنیادی مقصد اوورلوڈنگ، کم وولٹیج اور لوڈ ڈسٹری بیوشن کے مسائل پر قابو پانا اور صارفین کو بہتر وولٹیج کے ساتھ بجلی کی مسلسل فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔ چیف انجینئر آپریشن فیسکو منور خان کے مطابق فیسکو کے مختلف آپریشن سرکلز جن میں فرسٹ، سیکنڈ، جھنگ اور میانوالی شامل ہیں چین آگمنٹیشن پروگرام اور ایڈیشن پروپوزلز کے تحت مجموعی طور پر 56 نئے ٹرانسفارمرز جاری کیے جا چکے ہیں۔ ان ٹرانسفارمرز کی تنصیب سے کم وولٹیج اور اوورلوڈنگ کے مسائل میں نمایاں کمی آئے گی۔ تفصیلات کے مطابق فیسکو فرسٹ سرکل میں چین آگمنٹیشن پروگرام کے تحت 200 کے وی اے کے 5 ٹرانسفارمرز جبکہ ایڈیشن پروپوزلز کے تحت 100 کے وی اے کے 5 ٹرانسفارمرز نصب کیے گئے۔ اسی طرح سیکنڈ سرکل میں چین آگمنٹیشن پروگرام کے تحت 200 کے وی اے کے 20 ٹرانسفارمرز کی تنصیب مکمل کی گئی۔ جھنگ سرکل میں چین آگمنٹیشن پروگرام کے تحت 200 کے وی اے کے 11 ٹرانسفارمرز اور 100 کے وی اے کا ایک ٹرانسفارمر نصب کیا گیا جبکہ ایڈیشن پروپوزلز کے تحت 100 کے وی اے کے مزید 4 ٹرانسفارمرز لگائے گئے۔ میانوالی سرکل میں بھی چین آگمنٹیشن پروگرام کے تحت 200 کے وی اے کے 10 ٹرانسفارمرز کی تنصیب عمل میں لائی گئی، جس سے ان علاقوں میں بجلی کے نظام میں بہتری آئے گی اور صارفین کو بہتر وولٹیج کے ساتھ بجلی کی فراہمی ممکن ہو سکے گی۔ چین آگمنٹیشن پروگرام اور ایڈیشن پروپوزلز کے تحت نئے ٹرانسفارمرز کی تنصیب سے ان علاقوں میں موصول ہونے والی کم وولٹیج اور لوڈ سے متعلق شکایات کے ازالے میں نمایاں مدد ملے گی۔ اس اقدام سے نہ صرف وولٹیج کی کمی بیشی کے مسائل حل ہوں گے بلکہ بجلی کی تقسیم کے نظام میں استحکام پیدا ہوگا اور صارفین کو مسلسل، معیاری اور بلاتعطل بجلی کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ فیسکو صارفین کو بہتر سروس فراہم کرنے کیلئے اپنے ڈسٹری بیوشن سسٹم کی اپ گریڈیشن، لوڈ مینجمنٹ اور نیٹ ورک کی بہتری کیلئے مسلسل اقدامات کر رہی ہے۔ چین آگمنٹیشن پروگرام کے تحت ٹرانسفارمرز کی تنصیب فیسکو کے اسی عزم کی عکاس ہے جس کے تحت بڑھتی ہوئی بجلی کی طلب کو مدنظر رکھتے ہوئے نظام کو مضبوط بنایا جا رہا ہے۔



فیسکو ریجن میں محرم الحرام اور عاشورہ پر ریجن بھر میں بجلی کی بلاتعطل سپلائی کو یقینی بنایا گیا

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

بجلی کی مسلسل ترسیل کو یقینی بنانے کیلئے فیسکو ہیڈ کوارٹرز میں ریجنل کنٹرول سنٹر جبکہ فیسکو کے تمام چھ آپریشن سرکلز میں ہنگامی مراکز قائم کئے گئے

چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر اور چیف انجینئر آپریشن محمد منور خان نے مرکزی کنٹرول روم سے براہ راست تمام سرگرمیوں کی نگرانی کی

عاشورہ کے دوران لوڈ مینجمنٹ، ایل ٹی / ایچ ٹی بریک ڈاؤن اور دیگر مسائل سے نمٹنے کیلئے اعلیٰ سطحی افسران نے فرائض سرانجام دیئے

اِن مقدس ایام میں بجلی کے ہنگامی مسائل کو فی الفور حل کرنے کیلئے مختلف ڈویژنوں کو اضافی ٹرانسفارمرز ٹرالیاں بھی مہیا کی گئی تھیں

وفاقی وزیر توانائی (پاور ڈویژن) سردار اویس احمد خان لغاری کے احکامات پر فیسکو ریجن میں محرم الحرام اور عاشورہ پر ریجن بھر میں بجلی کی بلاتعطل سپلائی کو یقینی بنایا گیا۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی ہدایت پر محرم الحرام کے دوران بجلی کی مسلسل ترسیل کو یقینی بنانے کیلئے فیسکو ہیڈ کوارٹرز میں ریجنل کنٹرول سنٹر جبکہ فیسکو کے تمام چھ آپریشن سرکلز میں ہنگامی مراکز قائم کئے گئے تھے جن میں افسران کی ڈیوٹیاں لگائی گئی تھیں جبکہ آپریشن سٹاف اور افسران کی چھٹیاں بھی منسوخ کر دی گئی تھیں۔ چیف



چیف انجینئر آپریشن فیسکو محمد منور خان عاشورہ کے دوران بجلی کی بلاتعطل فراہمی کیلئے ڈسٹری بیوشن کنٹرول سنٹر کا معائنہ کر رہے ہیں دوسری طرف ان کا ڈی سی سی سٹاف کے ہمراہ گروپ فوٹو

ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر اور چیف انجینئر آپریشن محمد منور خان نے فیسکو ہیڈ کوارٹر میں قائم مرکزی کنٹرول روم سے براہ راست تمام سرگرمیوں کی نگرانی کی۔ عاشورہ کے دوران لوڈ مینجمنٹ، ایل ٹی / ایچ ٹی بریک ڈاؤن، صارفین کی شکایات کے فوری ازالے، ہنگامی صورتحال میں بروقت کارروائی اور بجلی کی مسلسل فراہمی کیلئے چیف انجینئر (آپریشن) محمد منور خان اور چیف انجینئر (او اینڈ ایم) ٹی اینڈ جی احتشام اللہ نے فرسٹ اور سیکنڈ سرکل فیصل آباد، جبکہ جھنگ، سرگودھا، ٹوبہ ٹیک سنگھ، میانوالی، چنیوٹ، کمالیہ، بھکر اور جوہر آباد میں دیگر چیف انجینئرز، ڈائریکٹرز اور سپرنٹنڈنگ انجینئرز پر مشتمل خصوصی ٹیموں نے تمام صورتحال کی کی نگرانی کی۔ بجلی کی مسلسل فراہمی یقینی بنانے کیلئے محرم الحرام کے تعزیہ کے جلوسوں، ذوالجناح، ماتمی جلوس، مجالس کیلئے مطلوبہ سامان اور آلات سے آراستہ فیسکو کی گاڑی اور ٹیکنیکل سٹاف موجود رہا۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر نے اس موقع پر کہا کہ وفاقی وزیر برائے توانائی کے واضح احکامات کی روشنی میں اہم علاقوں میں ٹرانسمیشن لائنوں اور دیگر تنصیبات کی خصوصی مرمت بھی کی گئی ہے۔ فیسکو کے اعلیٰ سطحی افسران ضلعی انتظامیہ اور منتظمین سے مسلسل رابطے میں رہے۔ ریجن بھر کے آٹھ اضلاع میں ضلعی انتظامیہ کی معاونت سے امام بارگاہوں، ذوالجناح اور تعزیہ کے روٹس کا ازسرنو جائزہ لے کر ان روٹس پر تاروں کے نظام کو بھی مزید بہتر بنایا گیا تھا تاکہ اس دوران عزاداروں کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے اور لا اینڈ آرڈر کے کاموں میں خلل نہ پڑے۔ اِن مقدس ایام میں بجلی کے ہنگامی مسائل کو فی الفور حل کیا گیا جبکہ کسی بھی ایمرجنسی صورتحال سے نمٹنے کیلئے مختلف ڈویژنوں کو اضافی ٹرانسفارمرز ٹرالیاں بھی مہیا کر دی گئی تھیں۔ چیف ایگزیکٹو محمد عامر کی ہدایات پر آپریشن سرکلز کے ایس ایز، ایکسین اور

ایس ڈی او حضرات اپنے دفاتر میں الرٹ رہے اور صارفین کو بجلی کی بلاتعطل سپلائی اور کسی بھی قسم کے مسئلے کی صورت میں فوری ریسپانس کو یقینی بنایا گیا۔ اس موقع پر فیسکو کی طرف سے عزاداروں کو سیفٹی تدابیر جاری کرتے ہوئے بتایا گیا کہ تعزیہ کے جلوسوں کے دوران "تعزیہ اور علم" کے ساتھ لوہے کا راڈ استعمال کرنے سے گریز کریں تاکہ غلطی سے کہیں تاروں سے ٹکرا کر حادثہ کا باعث نہ بن جائے اور دوران جلوس فیسکو تنصیبات "بجلی کے پول یا سٹے وائر" کو ہاتھ نہ لگائیں۔ محرم الحرام کے مقدس ایام کے دوران عزاداروں بجلی کی مسلسل فراہمی جاری رکھی گئی۔ حساس مقامات، امام بارگاہوں، مجالس اور جلوسوں کے روٹس پر بجلی کی فراہمی کی خصوصی نگرانی کی گئی جبکہ اس دوران فیسکو کی خصوصی ہنگامی مرمتی ٹیمیں مکمل ٹی اینڈ پی کے ہمراہ ریڈ الرٹ اور جلوسوں کے ساتھ ساتھ موجود تھیں۔









چیف انجینئر آپریشن فیسکو محمد منور خان کا ٹرانسفارمر ری کلیمیشن ورکشاپ فیسکو کا تفصیلی دورہ

صارفین کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں

چیف انجینئر آپریشن
محمد منور خان

ٹرانسفارمر ورکشاپ میں معیاری مرمت کے ذریعے ٹرانسفارمرز کی عمر میں اضافہ اور فالٹس میں کمی لانا اولین ترجیح ہونی چاہیے

کوالٹی پر کسی بھی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے اور ہر ٹرانسفارمر کو مقررہ تکنیکی معیار کے مطابق مکمل ٹیسٹنگ کے بعد ہی فیلڈ دفاتر میں بھیجا جائے

چیف انجینئر آپریشن فیسکو محمد منور خان کا ورکشاپ کی مجموعی کارکردگی پر اظہار اطمینان، افسران و عملے کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا

چیف انجینئر آپریشن فیسکو محمد منور خان نے ٹرانسفارمر ری کلیمیشن ورکشاپ فیسکو کا تفصیلی دورہ کیا جہاں انہوں نے ورکشاپ کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا اور ورکشاپ میں جاری مرمتی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران انہوں نے ورکشاپ کی مجموعی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے افسران و عملے کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ انھوں نے ورکشاپ کے مختلف شعبہ جات بشمول کوائل وائنڈنگ، کور اسیمبلی، آئل فلٹریشن، ٹیسٹنگ، ہیٹ اوون اور فائنل انسپکشن کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے ہدایت کی کہ ٹرانسفارمرز کی میجر اور مائنر مرمت کے دوران کوالٹی پر کسی بھی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے اور ہر ٹرانسفارمر کو مقررہ تکنیکی معیار کے مطابق مکمل ٹیسٹنگ کے بعد ہی فیلڈ دفاتر میں بھیجا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ معیاری مرمت کے ذریعے ٹرانسفارمرز کی عمر میں اضافہ اور فالٹس میں کمی لانا



چیف انجینئر آپریشن فیسکو محمد منور خان ٹرانسفارمر ری کلیمیشن ورکشاپ کے دورہ کے موقع پر ورکشاپ کے مختلف شعبوں کا معائنہ کر رہے ہیں

ادارے کی اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ انھوں نے ہدایت کی کہ ورکشاپ میں حفاظتی اصولوں پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنایا جائے، ریکارڈ کی درستگی برقرار رکھی جائے اور مرمتی عمل کو مزید تیز اور معیاری بنایا جائے۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر ٹرانسفارمر ری کلیمیشن ورکشاپ محمد سعید رضا نے چیف انجینئر آپریشن محمد منور خان کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ورکشاپ میں جدید آلات اور تربیت یافتہ عملہ کی مدد سے مختلف استعداد کے ڈسٹری بیوشن ٹرانسفارمرز کی مرمت کی جا رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ یکم جولائی 2025 سے مارچ 2026 تک مجموعی طور پر 2365 ٹرانسفارمرز کی مرمت مکمل کی گئی، جس سے خراب ٹرانسفارمرز کی بروقت بحالی ممکن ہوئی اور بجلی کی فراہمی میں بہتری آئی۔ انہوں نے بتایا کہ یکم جولائی 2025 سے مارچ 2026 تک مجموعی طور پر 2365 ٹرانسفارمرز کی مرمت مکمل کی گئی، جس سے خراب ٹرانسفارمرز کی

بروقت بحالی ممکن ہوئی اور بجلی کی فراہمی میں بہتری آئی۔فیصل آباد میں کل 1627 ٹرانسفارمرز کی مرمت کی گئی جن میں 25 کے وی اے کے 233، 50 کے وی اے کے 491،100 کے وی اے کے 398، 200 کے وی اے کے 417 اور دیگر 88 ٹرانسفارمرز شامل ہے ۔ اسی طرح سرگودھا سرکل میں 556 ٹرانسفارمرز کی مرمت کی گئی جن میں 25 کے وی اے کے 114، 50 کے وی اے کے 139، 100 کے وی اے کے 183، 200 کے وی اے کے 100 اور دیگر 20 ٹرانسفارمرز شامل ہے جبکہ میانوالی ورکشاپ میں کل 182 ٹرانسفارمرز کی رپیئرنگ کی گئی جن میں 50 کے وی اے کے 96، 100 کے وی اے کے 66 اور 200 کے وی اے کے 20 ٹرانسفارمرز شامل ہے۔انھوں نے مزید کہا کہ فیصل آباد کے علاوہ سرگودھا اور میانوالی میں قائم ٹرانسفارمر ورکشاپس بھی مکمل طور پر فعال ہیں جہاں روزانہ کی بنیاد پر خراب ٹرانسفارمرز کی مرمت کی جارہی ہے تا کہ صارفین کو درپیش مسائل کا فوری ازالہ ممکن بنایا جاسکے۔ان ورکشاپس کی فعالیت سے ٹرانسفارمرز کی مرمت کا وقت کم ہوا ہے اور فیلڈ آپریشنز میں بہتری آئی ہے۔انہوں نے کہا کہ فیسکو صارفین کو بلاتعطل اور معیاری بجلی کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے اور ٹرانسفارمر ری کلیمیشن ورکشاپس اس سلسلے میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے۔ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ انجینئر محمد سعید رضا نے ٹرانسفارمر ورکشاپ کا چارج سنبھالتے ہی مئی 2026ء میں کل 401 ٹرانسفارمرز ریپئر کر کے متعلقہ سٹورز کو مہیا کئے جن میں 25KVA کے 59، 50KVA کے 161، 100KVA کے 120 اور 200KVA کے 56 اور دیگر کیٹگریز کے 5 ٹرانسفارمر شامل ہیں ۔ یہ ایک ریکارڈ ہے کیونکہ ایک مہینے کے اندر ریپئر ہونے والے ٹرانسفارمرز کی یہ تعداد پچھلے کئی سالوں میں نہ ہوئی ہے جس پر چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو انجینئر محمد عامر، جنرل منیجر ٹیکنکل، چیف انجینئر آپریشن، ڈائریکٹر ایم ایم اور دیگر سینیئر مینجمنٹ نے انجینئر محمد سعید رضا اور ورکشاپ کے سٹاف کی انتھک کوششوں کو سراہا اور ان کی اس کارکردگی پر ان کو سپیشل الاؤنس بھی دیا گیا۔اس موقع پر غلام حیدر اسسٹنٹ ڈائریکٹر (ٹی آر ڈبلیو) ورکشاپ، گلزار علی فورمین، زاہد رشید فورمین، غلام مرتضیٰ فورمین، محمد صنان فورمین، جاوید شوکت فورمین، وقار علی شاہ فورمین، شہزاد فورمین، تحسین جاوید فورمین، محمد شفیق فورمین، علی رضا ای آر پی انچارج، محمد سلیم لیب انچارج اور رانا محمد نعیم سٹور انچارج بھی موجود تھے۔



چیف انجینیر آپریشن فیسکو محمد منور خان ٹرانسفارمر ری کلیمیشن ورکشاپ کے دورہ کے موقع پر ورکشاپ کے افسران و سٹاف سے خطاب کر رہے ہیں



ڈائریکٹر جنرل (ایڈمن)
فرخ آفتاب

فیسکو ملازمین اور ان کے اہل خانہ کی فلاح و بہبود کے لیے جامع اور مؤثر اقدامات کئے جارہے ہیں

فیسکو ملازمین کی فلاح و بہبود، مالی معاونت اور درپیش مسائل کے بروقت حل کو اولین ترجیح دی جارہی ہے

فیسکو انتظامیہ ملازمین کو بہتر سہولیات کی فراہمی اور ویلفیئر کے تمام معاملات کو بروقت میرٹ اور شفافیت سے نمٹانے کے لیے پرعزم ہے

فیسکو کے فوت شدہ اور حاضر سروس ملازمین کے بچوں کی شادی کے لیے 119 میرج گرانٹس کی منظوری دی گئی

ملازمین کے ذہین اور محنتی بچوں کی تعلیمی حوصلہ افزائی کے لیے 23 سکالرشپس بھی منظور کی گئیں تاکہ وہ اپنی تعلیم بلا رکاوٹ جاری رکھ سکیں

ملازمین کی فلاح و بہبود کے لیے شروع کیے گئے اقدامات مستقبل میں بھی اسی جذبے اور تسلسل کے ساتھ جاری رہیں گے

چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو انجینئر محمد عامر کی خصوصی ہدایات اور ڈائریکٹر جنرل (ایڈمن) فرخ آفتاب کی زیر نگرانی ایڈمنسٹریشن ڈائریکٹوریٹ کی طرف سے فیسکو ملازمین اور ان کے اہل خانہ کی فلاح و بہبود کے لیے مؤثر اقدامات کئے جارہے ہیں۔ ادارے کی ویلفیئر پالیسی کے تحت مختلف مالی وفلاحی سہولیات کی بروقت فراہمی کو یقینی بنایا جارہا ہے جس سے ملازمین میں اطمینان اور اعتماد کی فضا قائم ہوئی ہے۔ ترجمان فیسکو محمد سعید رضا کے مطابق ایڈمن ڈائریکٹوریٹ نے ڈائریکٹر جنرل (ایڈمن) فرخ آفتاب کے زیر سایہ اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے فیسکو کے فوت شدہ اور حاضر سروس ملازمین کے بچوں کی شادی کے لیے 119 میرج گرانٹس کی منظوری دی، جس کے ذریعے مستحق خاندانوں کو بروقت مالی معاونت فراہم کی گئی۔ اسی طرح ملازمین کے ذہین اور محنتی بچوں کی تعلیمی حوصلہ افزائی کے لیے 23 سکالرشپس بھی منظور کی گئیں تاکہ وہ اپنی تعلیم بلا رکاوٹ جاری رکھ سکیں اور مستقبل میں ملک وقوم کی خدمت کے قابل بن سکیں۔ مزید برآں فیسکو کے 14 افسران وملازمین کے لیے عمرہ کی ادائیگی کے قرضہ جات کی فراہمی کے لیے قرعہ اندازی کا عمل بھی شفاف انداز میں مکمل کیا گیا تاکہ وہ اس مقدس فریضہ کی ادائیگی با آسانی کرسکیں۔ اسی طرح افسران و ملازمین کے 321 میڈیکل ری امبرسمنٹ (طبی اخراجات کی واپسی) کے کیسز نمٹا کر واجبات کی ادائیگی کا عمل مکمل کیا گیا، جس سے ملازمین کو علاج معالجہ کے اخراجات کی بروقت واپسی ممکن ہوسکی۔ اس کے علاوہ فیسکو افسران وملازمین کے جنرل پراویڈنٹ (جی پی) فنڈ سے متعلق 250 کیسز کا فیصلہ کرتے ہوئے واجبات کی بروقت ادائیگی کو یقینی بنایا گیا جس پر ملازمین نے فیسکو انتظامیہ، چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر محمد عامر اور ڈائریکٹر جنرل (ایڈمن) فرخ آفتاب کا شکریہ ادا کیا ہے۔ ڈائریکٹر جنرل (ایڈمن) فیسکو فرخ آفتاب کے مطابق فیسکو انتظامیہ اس بات پر یقین رکھتی ہے کہ ملازمین کسی بھی ادارے کا سب سے قیمتی اثاثہ ہوتے ہیں، اسی لیے ان کی فلاح و بہبود، مالی معاونت اور درپیش مسائل کے بروقت حل کو اولین ترجیح دی جارہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ ملازمین کی فلاح و بہبود کے لیے شروع کیے گئے اقدامات مستقبل میں بھی اسی جذبے اور تسلسل کے ساتھ جاری رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ فیسکو انتظامیہ ملازمین کو بہتر سہولیات کی فراہمی، ان کی حوصلہ افزائی اور ویلفیئر سے متعلق تمام معاملات کو میرٹ، شفافیت اور بروقت انداز میں نمٹانے کے لیے پرعزم ہے تاکہ ملازمین پوری دلجمعی اور جذبہ خدمت کے ساتھ اپنے فرائض انجام دیتے ہوئے صارفین کو بہترین خدمات فراہم کرسکیں۔

ای پیڈ زکا ٹریننگ پروگرام حکومت پاکستان کے ویژن "ڈیجیٹل پاکستان" کی عملی تصویر ہے ڈائریکٹر(OD) محمود احمد

جدید ڈیجیٹل پلیٹ فارم سرکاری اداروں اور نجی شعبے کے وینڈ رز شفاف ٹینڈ رنگ کے عمل کیلئے آسان آن لائن نظام فراہم کر رہا ہے

ای پیڈ زکی تربیت کا مقصد متعلقہ اداروں، افسران اور کاروباری اداروں کو مؤثر استعمال کیلئے ضروری مہارت اور فہم و فراست فراہم کرنا ہے

ریجنل ٹریننگ سنٹر فیسکو میں ایکوزیشن اینڈ ڈسپوزل سسٹم (ای اپیڈ) کے جدید ورژن 2.0 کے نفاذ کے سلسلے میں تربیتی سیشن سے مقررین کا خطاب

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کی طرف سے پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی (پی پی آر اے) کے قواعد وضوابط اور ای-پاکستان ایکوزیشن اینڈ ڈسپوزل سسٹم (ای اپیڈ) کے جدید ورژن 2.0 کے نفاذ کے سلسلے میں اپنے افسران وملازمین کی استعداد کار بڑھانے کے لیے دوروزہ تربیتی سیشن کے انعقاد ریجنل ٹریننگ سنٹر فیسکو میں کیا گیا۔اس تربیت کا مقصد افسران کو پی پی آر اے قوانین، ریگولیشنز اور ای پیڈ کے موثر استعمال سے آگاہ کرنا ہے تاکہ خریداری، ٹینڈ رنگ، کنٹریکٹ ایوارڈ ز اور قانونی انکشافات کے عمل کو شفاف اور مؤثر بنایا جاسکے۔تربیتی سیشن کے دوران چیف لاء آفیسر فیسکو تیمور متین خان، محمود احمد ڈائریکٹر آرگنائزیشنل ڈویلپمنٹ، ڈپٹی ڈائریکٹر ایم ایم فیسکو فرحان علی خان، فیصل شہزاد ڈائریکٹر ایم آئی ایس فیسکو نے ای پیڈ ورژن 2.0 کا تعارف، پی پی آر اے قواعد وضوابط، میٹریل کی خریداری، ٹینڈ رنگ، کنٹریکٹ ایوارڈ ز، ٹینڈ رز کی اشاعت، اکاؤنٹس کی تخلیق اور دیگر عملی امور اور قانونی تقاضوں کے متعلق شرکاء کو تفصیل سے آگاہ کیا۔اس موقع پر مقررین کا کہنا تھا کہ ای پیڈ زکا ٹریننگ پروگرام حکومت پاکستان کے ویژن "ڈیجیٹل پاکستان" کی عملی تصویر ہے، جس کے ذریعے عوامی شعبے میں شفافیت، کارکردگی اور احتساب کو یقینی بنایا جائے گا تاکہ یہ جدید ڈیجیٹل پلیٹ فارم سرکاری اداروں اور نجی شعبے کے وینڈ رز کو ایک ایسا آن لائن نظام فراہم کر سکے جس سے شفاف ٹینڈ رنگ کا عمل ممکن ہو سکے۔انھوں نے مزید کہا کہ ای پیڈ زکی تربیت کا مقصد متعلقہ اداروں، افسران اور کاروباری اداروں کو اس نظام کے مؤثر استعمال کے لیے ضروری مہارت اور فہم و فراست فراہم کرنا ہے جس سے نہ صرف عوامی وسائل کا بہتر استعمال ممکن ہوگا بلکہ خریداری کے عمل میں شفافیت اور جوابدہی کو بھی فروغ ملے گا۔ٹریننگ میں میٹریل مینجمنٹ، ٹیکنیکل سروسز، پراجیکٹ مینجمنٹ یونٹ، پراجیکٹ ڈائریکٹر کنسٹرکشن، گرڈ سٹیشن کنسٹرکشن، فنانس، ایڈمن، سول اور آڈٹ کے ملازمین نے شرکت کی۔ٹریننگ کے اختتام پر سوال وجواب کا سیشن بھی منعقد کیا گیا جس میں ٹریننگ کے شرکاء نے ای پیڈ کے حوالے سے ٹرینرز سے مختلف سوالات کئے۔



ڈائریکٹر (او ڈی) فیسکو محمود احمد، ڈپٹی ڈائریکٹر ایم ایم فرحان علی خان اور ڈپٹی ڈائریکٹر آر ٹی سی سجاد حیدر اعوان (ای اپیڈ) کے جدید ورژن کے نفاذ کے سلسلے میں منعقدہ تربیتی سیشن کے اختتام پر شرکاء میں سرٹیفکیٹس تقسیم کر رہے ہیں

ٹریننگ انسان کے اندر موجود صلاحیتوں کو ابھارنے کا بہترین ذریعہ ہے

ڈپٹی ڈائریکٹر ٹریننگ
سجاد حیدر اعوان

ملازمین ٹریننگ سے حاصل کردہ تجربات اور مہارت کو اپنی عملی زندگی اور پیشہ ورانہ فرائض کی ادائیگی میں استعمال کر کے محکمہ اور صارفین کو فائدہ پہنچائیں

ٹریننگ مکمل کرنیوالے ملازمین اپنی ڈیوٹی انتہائی ایمانداری اور محنت سے کریں کیونکہ ہمارا دین کامل بھی ہمیں رزق حلال کے حصول کا درس دیتا ہے

ریجنل ٹریننگ سنٹر فیسکو فیصل آباد میں میٹر ریڈر سے میٹر سپروائزر ترقی کیلئے محکمانہ ٹریننگ کی اختتامی تقریب سے ڈپٹی ڈائریکٹر اور انسٹرکٹرز کا خطاب

ریجنل ٹریننگ سنٹر فیسکو فیصل آباد میں میٹر ریڈر سے میٹر سپروائزر ترقی کیلئے محکمانہ ٹریننگ کی اختتامی تقریب منعقد ہوئی۔ یہ ٹریننگ 3 ہفتوں پر محیط تھی جس میں فیسکو ریجن کے آٹھوں اضلاع سے تعلق رکھنے والے میٹر ریڈرز نے حصہ لیا۔ اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی ڈائریکٹر ٹریننگ سجاد حیدر اعوان، انسٹرکٹر عبدالوحید اور کلاس انچارج غلام رسول نے کہا کہ ٹریننگ انسان کے اندر موجود صلاحیتوں کو ابھارنے کا بہترین ذریعہ ہے۔ ٹریننگ حاصل کرنے والے ملازمین ٹریننگ سے حاصل کردہ تجربات اور مہارت کو اپنی عملی زندگی اور پیشہ ورانہ فرائض کی ادائیگی میں استعمال کر کے محکمہ اور صارفین کو فائدہ پہنچائیں۔ انھوں نے ٹریننگ مکمل کرنے والے میٹر ریڈرز کو ہدایت کی کہ اپنی ڈیوٹی انتہائی ایمانداری اور محنت سے کریں کیونکہ ہمارا دین کامل بھی ہمیں رزق حلال کے حصول کا درس دیتا ہے۔ اگر ہم ان دینی احکامات پر عمل پیرا ہوں تو نہ صرف دنیا میں اس کا پھل ملے گا بلکہ آخرت میں بھی اس کا اجر حاصل ہوگا۔ انہوں نے کورس کے شرکاء کو دوران ڈیوٹی مزید محنت اور خلوص نیت سے کام کرنے کی ہدایت بھی کی۔ پروموشن ٹریننگ میں کل 15 نے حصہ لیا اور پروموشن ٹریننگ کامیابی سے مکمل کی۔ ٹریننگ کامیابی سے مکمل کرنے والوں میں بخاریاں سب ڈویژن کے صفدر علی، بھاگٹانوالہ سب ڈویژن نمبر دو کے ممتاز حسین صابر، چنیوٹ سب ڈویژن نمبر دو کے محمد شہباز، سرگودھا روڈ سب ڈویژن جھنگ کے محمد سرور، رورل سب ڈویژن تاندلیانوالہ کے فراست علی، چنیوٹ سب ڈویژن نمبر تین کے سید علی شہزاد، عمران علی اور حسنین انور، کھڑیانوالہ سب ڈویژن کے محمد کلیم اللہ، رورل سب ڈویژن پیر محل کے مظہر حسین، امین پور سب ڈویژن کے ذوالفقار علی، پیپلز کالونی سب ڈویژن کے محمد آصف اور اویس دانش، فیکٹری ایریا سب ڈویژن کے محمد احمد یعقوب اور فیض آباد سب ڈویژن کے ذیشان طاہر شامل ہیں۔ تقریب کے اختتام پر ڈپٹی ڈائریکٹر ٹریننگ سجاد حیدر اعوان، انسٹرکٹر عبدالوحید اور کلاس انچارج غلام رسول نے کامیابی سے پروموشن ٹریننگ مکمل کرنیوالے شرکاء میں سرٹیفکیٹس تقسیم کئے۔



ڈپٹی ڈائریکٹر ٹریننگ سجاد حیدر اعوان، انسٹرکٹر عبدالوحید اور کلاس انچارج غلام رسول میٹر ریڈر سے میٹر سپروائزر کی محکمانہ ٹریننگ کے اختتام پر کامیاب شرکاء میں سرٹیفکیٹس تقسیم کر رہے ہیں

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) نے 39 افسران کو گریڈ 18 سے گریڈ 19 میں ترقی دے دی

چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو انجینئر محمد عامر کی طرف سے اگلے سکیلوں میں ترقی پانے والے تمام افسران کو مبارکباد

نئی ذمہ داریوں کو دیانت داری، پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ انجام دینے اور بجلی کی فراہمی کے نظام کو مزید مستحکم بنانے کی ہدایت

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) نے 39 افسران کو گریڈ 18 سے گریڈ 19 میں ترقی دے دی۔ سلیکشن بورڈ کی سفارشات کی روشنی اور محکمانہ قواعد وضوابط کے مطابق ہونے والی ان ترقیوں کا باقاعدہ نوٹیفکیشن ڈائریکٹر جنرل (ہیومن ریسورس) کی جانب سے جاری کر دیا گیا۔ ترقی پانے والے افسران فیسکو ہیڈ کوارٹر، آپریشن، ٹیکنیکل، کنسٹرکشن، پلاننگ، ٹرانسپورٹ، میٹریل مینجمنٹ، پبلک ریلیشنز، ٹرانسمیشن، کمرشل، سیفٹی اور ڈویلپمنٹ سمیت مختلف شعبوں اور ڈویژنوں میں اپنی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ ترجمان فیسکو محمد سعید رضا کے مطابق چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو انجینئر محمد عامر نے ترقی پانے والے تمام افسران کو مبارکباد دیتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا ہے کہ وہ اپنی نئی ذمہ داریوں کو دیانت داری، پیشہ ورانہ مہارت اور جذبہ خدمت کے ساتھ انجام دیتے ہوئے ادارے کی ترقی اور بجلی کی فراہمی کے نظام کو مزید مستحکم بنانے میں مؤثر کردار ادا کریں گے۔ اپ گریڈ ہونے والے افسران میں محمد رفیق ڈپٹی ڈائریکٹر (ٹیکنیکل)، دفتر جنرل منیجر (آپریشن) محمد نعمان فرزند ایکسین ایم اینڈ ٹی فرسٹ سرکل، رضوان علی ڈپٹی ڈائریکٹر (ایس اینڈ ڈی) دفتر چیف انجینئر (ٹی ایس)، مرید حسین ایکسین (ایم اینڈ ٹی) جھنگ سرکل، نصر اللہ مہیسر ڈپٹی ڈائریکٹر (ٹیکنیکل) دفتر سپرنٹنڈنگ انجینئر (جی ایس او) سرکل، عمران علی ڈپٹی ڈائریکٹر (پی ایس اینڈ سی)، دفتر چیف انجینئر (ڈیویلپمنٹ) پی ایم یو، پیر محمد ایکسین (آپریشن) کوٹ مومن ڈویژن، محمد اطہر ایکسین (آپریشن) بھلوال ڈویژن، سید اسد علی ایکسین (آپریشن) جڑانوالہ ڈویژن، محمد طفیل ایکسین (آپریشن) سول لائنز ڈویژن، انجینئر محمد سعید رضا ڈائریکٹر (پبلک ریلیشنز)/ڈپٹی کمپنی سیکرٹری، نوید الرحمن انجم ڈپٹی ڈائریکٹر (ٹرانسفارمر ری کلیمیشن ورکشاپ)، محمد احسان الحق ایکسین (آپریشن) چک جھمرہ ڈویژن، محمد نعیم جاوید سینئر انجینئر/ایکسین فیسکو ہیڈ کوارٹر، سید محمد فہیم شاہ ایکسین (ایم اینڈ ٹی) سیکنڈ سرکل، محمد مظہر اقبال ایکسین (کنسٹرکشن) سرگودھا ڈویژن، کتیش کمار ڈپٹی منیجر (ٹرانسمیشن پلاننگ) دفتر ڈی جی (میراڈ)، محمد بخش ڈپٹی ڈائریکٹر (میٹریل مینجمنٹ) ویئر ہاؤس، محمد طیب ایکسین (ایس ایس اینڈ ٹی) میانوالی ڈویژن، ہارون احمد ایکسین (آپریشن) فرسٹ ڈویژن سرگودھا، محمد سلیم ڈپٹی ڈائریکٹر (ٹیکنیکل) دفتر جنرل منیجر (ٹیکنیکل)/ڈپٹی ڈائریکٹر (پلاننگ) دفتر چیف انجینئر (پی اینڈ ڈی)، عابد بشیر ایکسین (آپریشن) ٹوبہ ٹیک سنگھ ڈویژن، محمد عارف ایکسین (آپریشن) تاندلیانوالہ ڈویژن، محمد الطاف کاشف ایکسین (ایس ایس اینڈ ٹی) ڈویژن نمبر 2، علی وقار وڑائچ ڈپٹی ڈائریکٹر (ٹرانسپورٹ)، ذیشان حیدر ایکسین (آپریشن)، چنیوٹ ڈویژن، ظہیر عباس ملک ایکسین (آپریشن)، بھکر ڈویژن، محمد طاہر مقصود ایکسین (آپریشن) عبداللہ پور ڈویژن، فضل عباس شاہ ایکسین (آپریشن) کمالیہ ڈویژن، محمد احمد ٹیکنیکل آفیسر سیکنڈ سرکل، محمد سہیل کامران ایکسین (کنسٹرکشن) میانوالی ڈویژن، محمد اویس رشید ایکسین (آپریشن) سمندری ڈویژن، منظور احمد ڈپٹی ڈائریکٹر (پی اینڈ ڈی)، دفتر چیف انجینئر (پی اینڈ ڈی)، /ایکسین (کنسٹرکشن) ڈویژن، حافظ محمد شہزاد انور ڈپٹی ڈائریکٹر (118)، ذوالفقار علی ڈپٹی ڈائریکٹر (کسٹمر سروسز) دفتر ڈائریکٹر کمرشل فیسکو ہیڈ کوارٹرز، ڈپٹی ڈائریکٹر (CMU-II)، ندیم ساجد ڈپٹی کمرشل منیجر فرسٹ سرکل فیصل آباد، محمد مسعود افضل ڈپٹی کمرشل منیجر جھنگ سرکل اور محمد ارشد ڈپٹی کمرشل منیجر فیسکو سرگودھا سرکل شامل ہیں۔



FESCO News Online

For feedback
0419220282
fescopr@gmail.com

فیسکو نیوز کی سوفٹ کاپی فیسکو کی ویب سائیٹ www.fesco.com.pk پر بھی پوسٹ کی گئی ہے۔ قارئین اس سے استفادہ حاصل کرنے کیلئے ویب سائیٹ کا وزٹ کریں۔

شعبہ تعلقات عامہ
فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کینال روڈ، عبداللہ پور فیصل آباد

شوکاز نوٹس برائے کارروائی

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) سلانوالی سب ڈویژن فیسکو کے ایل ایس ون امجد رضا آپ مورخہ 17-08-2025 سے مسلسل دانستہ طور پر تاحال اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں۔آپ کو وضاحتی نوٹس نمبر2509/C-3000043 بتاریخ 27-11-2025 جاری کیا گیا لیکن آپ نے اس کا کوئی جواب نہ دیا۔بعدازاں آپ کو مورخہ 23-01-2026، 31-06-2026، 07-05-2026 اور 07-07-2026 کو ذاتی شنوائی کیلئے بلایا گیا لیکن آپ پھر بھی حاضر نہ ہوئے۔اس کے بعد آپ کو شوکاز نوٹس نمبر258/C-3000043 بتاریخ 27-01-2026 بھی جاری کیا گیا لیکن آپ نے اس کا بھی کوئی جواب نہ دیا۔لہٰذا آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اس نوٹس کی اشاعت/وصولی کے سات یوم کے اندر اندر اظہار وجوہ کریں کہ اس بے ضابطگی اور بے اطواری کی بناء پر واپڈا ایفی شینسی اینڈ ڈسپلن رولز مجریہ 1978ء کی متعلقہ دفعات کے تحت آپ کے خلاف کارروائی عمل میں کیوں نہ لائی جائے۔آپ اپنے دفاعی جواب میں یہ بھی لکھیں کہ آپ ذاتی طور پر پیش ہو کر کچھ کہنا چاہتے ہیں۔عدم تعمیل کی صورت میں یہ سمجھ لیا جائے گا کہ آپ جان بوجھ کر اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں اور آپ کے پاس اپنے دفاع میں کہنے کیلئے کچھ نہیں لہٰذا آپ کے خلاف ضابطے کی کارروائی یک طرفہ طور پر عمل میں لائی جائے گی۔

منجانب: اسسٹنٹ ڈائریکٹر (کانفیڈینشل) فیسکو فیصل آباد

شوکاز نوٹس برائے کارروائی

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) مدینہ ٹاؤن سب ڈویژن فیسکو فیصل آباد کے لائن مین سیکنڈ (ہاکی پلیئر) آپ مورخہ 13-01-2026 سے مسلسل دانستہ طور پر تاحال اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں۔آپ کو لیٹر نمبر451 بتاریخ 16-03-2026 کے تحت دفتر ہذا میں رپورٹ کرنے کی ہدایت کی لیکن آپ حاضر نہ ہوئے۔بعدازاں آپ کو وضاحتی نوٹس نمبر1174 بتاریخ 16-04-2026 جاری کیا گیا لیکن آپ نے اس کا کوئی جواب نہ دیا۔اس کے بعد آپ کو شوکاز نوٹس نمبر55-953 بتاریخ 14-05-2026 بھی جاری کیا گیا لیکن آپ نے اس کا بھی کوئی جواب نہ دیا۔بعدازاں آپ کو لیٹر نمبر96-1395 بتاریخ 22-04-2026 اور لیٹر نمبر3002 بتاریخ 02-06-2026 کے تحت ذاتی شنوائی کیلئے بلایا گیا لیکن آپ پھر بھی حاضر نہ ہوئے۔لہٰذا آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اس نوٹس کی اشاعت/وصولی کے سات یوم کے اندر اندر اظہار وجوہ کریں کہ اس بے ضابطگی اور بے اطواری کی بناء پر واپڈا ایفی شینسی اینڈ ڈسپلن رولز مجریہ 1978ء کی متعلقہ دفعات کے تحت آپ کے خلاف کارروائی عمل میں کیوں نہ لائی جائے۔آپ اپنے دفاعی جواب میں یہ بھی لکھیں کہ آپ ذاتی طور پر پیش ہو کر کچھ کہنا چاہتے ہیں۔عدم تعمیل کی صورت میں یہ سمجھ لیا جائے گا کہ آپ جان بوجھ کر اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں اور آپ کے پاس اپنے دفاع میں کہنے کیلئے کچھ نہیں لہٰذا آپ کے خلاف ضابطے کی کارروائی یک طرفہ طور پر عمل میں لائی جائے گی۔

منجانب: ایگزیکٹو انجینئر (آپریشن) عبداللہ پور ڈویژن فیسکو فیصل آباد



FESCO News Online

فیسکو نیوز کی سوفٹ کاپی فیسکو کی ویب سائیٹ www.fesco.com.pk پر بھی پوسٹ کی گئی ہے۔قارئین اس سے استفادہ حاصل کرنے کیلئے ویب سائیٹ کا وزٹ کریں۔

For feedback & Suggestions
041-9220282, 0345-1500680
fescopublicrelations@gmail.com

شعبہ تعلقات عامہ
فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کینال روڈ، عبداللہ پور فیصل آباد

قارئین فیسکو نیوز کی خصوصی توجہ کیلئے

تمام فیسکو افسران اور ملازمین کے لئے ''فیسکو نیوز'' کے صفحات حاضر ہیں، وہ اپنی تجاویز، آراء، مضامین اور اپنے اپنے شعبوں میں ہونے والی مختلف سرگرمیوں پر مبنی تحریریں، تصاویر ہمیں بھجوا سکتے ہیں، انہیں شکریہ کے ساتھ شامل اشاعت کیا جائے گا، اپنی تحریریں ہر ماہ کی 25 تاریخ تک ہمیں درج ذیل پتہ پر بذریعہ ڈاک، ای میل اور واٹس ایپ کے ذریعے بھجوائیں

Whatsapp: 0345-1500680, Email: fescopublicrelations@gmail.com

ڈائریکٹر (پبلک ریلیشنز) فیسکو ہیڈ کوارٹرز، کینال روڈ فیصل آباد

FAISALABAD ELECTRIC SUPPLY COMPANY



Heartiest Congratulations!

TO ALL FIELD FORMATIONS

ON THE EXCEPTIONAL LEADERSHIP AND
DEDICATION OF OUR ESTEEMED LEADER

WORTHY CEO

FESCO

Engr. Muhammad Aamer

LEADING WITH VISION, COMMITMENT AND INTEGRITY

FESCO ACHIEVEMENTS 2025-26

LINE LOSSES
7.87%
against NEPRA Target
8.03%

PROGRESSIVE RECOVERY
100.39%
against 100%

AT&C LOSSES (PROGRESSIVE)
7.51%
(1.04% decrease)
against 8.55%

FINANCIAL IMPACT
Rs. 3.20
BILLION
ADDITIONAL REVENUE

One Team, One Goal, Unstoppable Together!

Your hard work, passion and unity
drive our success to new heights.
Together, we power progress.

Proud to be FESCO!

TEAMWORK | DEDICATION | PERFORMANCE | EXCELLENCE